کیا آپ کی رہائش غیریقینی ہے؟

کیا آپ کسی عارضی پتہ پر رہتے/رہتی ہیں؟

آپ کو اہم اسکولی حقوق حاصل ہیں!

کیا آپ جانتے/جانتی ہیں؟

عارضی رہائش میں مقیم طلبہ کی مدد کے لئے ہر اسکولی ڈسٹرکٹ کے پاس میک کینی-وینٹو لائزن ہونا لازمی ہے۔

مدد کے لئے:

- میک کینی-وینٹو لائزن

اگر خالی ہو تو لائزن کی معلومات کے لئے
NYS-TEACHS سے 800-388-2014 پر رابطہ کریں
یا ملاحظہ کریں www.nysteachs.org/liaison

- بے گھر بچوں کی تعلیم کے لئے
  نیو یارک ریاست کی رابطہ کار
  میلانی فیبی
  ای میل: melanie.faby@nysed.gov
  ویب سائٹ: www.p12.nysed.gov/accountability/homeless

کیا آپ رہ رہے/رہی ہیں ...

- رشتہ داروں، دوستوں، یا دیگر لوگوں کے ساتھ کیوں کہ آپ نے اپنی رہائش کھو دی ہے یا مالی تنگی کی وجہ سے؟
- کسی شیلٹر یعنی پناہ گاہ میں؟
- کسی موٹل یا ہوٹل میں کیوں کہ کہیں اور آپ کے لئے گنجائش نہیں ہے؟
- غیر موزوں رہائش میں؟

تو ایسی صورت میں میک کینی-وینٹو ایکٹ کے تحت آپ کو تحفظ فراہم کیا جا سکتا ہے!

عارضی رہائش میں مقیم بچے اور نوجوانوں کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

- اسی اسکول میں رہیں، جس میں پری-کے شامل ہے، اور مفت ٹرانسپورٹیشن حاصل کریں خواہ یہ ڈسٹرکٹ کی حدود سے باہر ہو؛
- انہیں اسکول میں فوراً بغیر ریکارڈز (اسکول ریکارڈز، طبی ریکارڈز، ٹیکوں کے ریکارڈز، رہائش کے ثبوت) کے داخلہ ملے؛
- انہیں فوراً خصوصی تعلیمی خدمات حاصل ہوں اگر طالب علم فی الحال فرد پر مبنی تعلیمی منصوبہ (IEP) کا حامل ہے؛
- وہ مکمل طور پر اسکول کی تمام سرگرمیوں میں شریک ہوں، جن میں اسکول سے پہلے اور بعد کی سرگرمیاں شامل ہیں؛
- معاونتی خدمات اور ٹائٹل I کے توسط سے انہیں اسکول کے لوازمات جیسی چیزیں حاصل ہوں؛
- کوئی درخواست بھرے بغیر انہیں اسکول کا مفت کھانا حاصل ہو؛
- پری-کے، ہیڈ اسٹارٹ، دیگر پری-اسکول پروگرامز، اور ارلی انٹروینشن میں داخلہ لینے میں مدد حاصل ہو؛ اور
- کالج کے لیے تیاری کرنے اور درخواست دینے میں مدد حاصل کریں۔

اپنے میک کینی- وینٹو لائزن سے مدد طلب کریں!

NYSTEACHS
NEW YORK STATE TECHNICAL AND EDUCATION ASSISTANCE CENTER FOR HOMELESS STUDENTS

مزید معلومات کے لئے، کال کریں

NYS-TEACHS 800-388-2014

www.nysteachs.org

Urdu